**پانی کے ہائڈرنٹ کے استعمال کی معلومات اور اجازت نامے کی درخواست کی ہدایات**

پانی کے ہائڈرینٹ کے استعمال کے اجازت نامے اس وقت درکار ہوتے ہیں جب کسی منصوبے کے لیے پانی کی ضرورت ہو اور پانی کا کوئی متبادل ماخذ استعمال کے لیے دستیاب نہ ہو۔ مثال کے طور پر، ایسا کمیونٹی گارڈن جو NYC Parks' GreenThumb کے ساتھ رجسٹرڈ ہو، گارڈن میں پودوں کو پانی لگانے کے لیے پانی کے ہائڈرینٹ کے استعمال کے اجازت نامے کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔ ٹھیکیداران، بلڈرز، کچھ کاروباری ادارے اور ایونٹ پروڈیوسرز بھی اس قسم کے اجازت نامے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

**اپنی درخواست کیسے جمع کروانی ہے**

آن لائن:

پانی کے ہائڈرینٹ کے استعمال کے اجازت نامے کی درخواست کو مکمل کریں اور اسے بطور PDF منسلکہ QueensPermits@dep.nyc.gov پر ای میل کریں (یہ ای میل تمام بوروز کے لیے اپنی خدمات پیش کرتی ہے)۔ براہ کرم عمل کاری کے لیے کم از کم 14 کاروباری دنوں کی اجازت دیں۔ ایک بار آپ کے اجازت نامے کے منظور ہو جانے اور ادائیگی موصول ہو جانے کے بعد، آپ کو آپ کا اجازت نامہ ای میل کر دیا جائے گا اور ہارڈ کاپی آپ کو بذریعہ USPS ارسال کر دی جائے گی۔

ذاتی طور پر:

اپائنٹمنٹ سیٹ اپ کرنے کے لیے اپنے مقامی DEP, Department of Environmental Protection کسٹمر سروس دفتر کو کال کریں۔ ہمارے کسٹمر سروس دفاتر میں داخل ہونے کے لیے آپ کو لازمی طور پر اپائنٹمنٹ لینی ہو گی اور ماسک یا فیس کورنگ پہننا ہو گی۔ فی الوقت ہم بغیر اپائنٹمنٹ کے دوروں کو قبول نہیں کر رہے۔ اپنی اپائنٹمنٹ کے لیے اپنی مکمل کردہ درخواست لے کر آنے کو یقینی بنائیں۔

Bronx
718-466-8481

Manhattan
212-643-2201

Staten Island
718-876-6802

Brooklyn
718-923-2629

Queens
718-595-3258

**پانی کے استعمال کی فیس**

$55 ماہوار + $13.50 یومیہ۔ اجازت نامے کے اجراء سے قبل ادائیگیاں کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

*(کمیونٹی گارڈنز اس سے خارج ہیں)*

**تخفیف کردہ پریشر زون ڈیوائسز (RPZs)**

عوامی پانی کی ترسیل کو آلودہ ہونے سے بچانے کے لیے ہائڈرینٹ کے کسی بھی کنیکشن کو لازمی طور پر تخفیف کردہ پریشر زون ڈیوائس (RPZ) کے ساتھ استعمال کیا جانا چاہیئے۔ RPZs کو پلمبنگ سپلائی اسٹورز سے خریدا جا سکتا ہے۔

جب آپ اپنا اجازت نامہ بذریعہ ای میل یا اپنی اپائنٹمنٹ پر جمع کروائیں تو کمیونٹی گارڈنز DEP کے کسی ایک RPZS کو استعمال کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں *(اوپر جمع کروانے کی ہدایات دیکھیں)*۔

**استعمال کے اجازت یافتہ اوقات**

ہائڈرینٹس کو صرف صبح 7:30 سے رات 7:30 کے درمیانی اوقات میں استعمال کیا جا سکتا ہے

*(جاری ہے)*

اگر آپ کے منصوبے کے لیے کوئی مختلف دورانیۂ وقت درکار ہو، تو آپ کو لازمی طور پر تغیر کی درخواست دینی چاہیئے۔ تغیر کی درخواست کرنے کے لیے، براہ کرم مندرجہ ذیل پر مشتمل ایک خط جمع کروائیں:

(1) اس کام کی تفصیل جو کیا جا رہا ہے۔
(2) نیا دورانیۂ وقت جس کی درخواست دی گئی ہے۔
(3) اگر منصوبے میں خطرات کی کوئی بات ہو، تو عوامی حفاظت کو کسی بھی خطرات سے بچانے کے لیے کیے جانے والے حفاظتی اقدامات کی فہرست۔

براہ کرم QueensPermits@dep.nyc.gov پر اپنی درخواست کے ساتھ کوئی بھی تغییر کے خطوط ای میل کریں۔

**درجہ حرارت کی حدود**

جب بیرونی درجۂ حرارت 32 ڈگری فارن ہائیٹ سے کم ہو جائے تو ہائڈرینٹ کا استعمال ممنوع ہے۔

**قوانین، ضوابط اور تفتیشیں**

نیو یارک سٹی کوڈ (New York City Code) ہائڈرینٹس کو کھولنے، استعمال کرنے اور چلانے والے تمام مجاز افراد کو ہائڈرینٹس کی حفاظت کرنے اور انہیں ٹھیک رکھنے کے لیے اصولوں اور ضابطوں پر عمل کرنے کو کہتی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ وہ ہمیشہ ٹھیک حالت میں رہیں اور قابل رسائی ہوں۔ اگر اجازت نامے کی شرائط و ضوابط میں سے کسی پر بھی عمل نہ کیا جا رہا ہو تو اجازت نامہ کمشنر کی جانب سے منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ شعبہ ماحولیاتی تحفظ کے ملازمین کسی بھی وقت ہائڈرینٹ کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

**سٹی آف نیو یارک کے قوانین کے باب 20 کا عنوان 15** دیکھیں۔

**سوالات ہیں؟**

(718) 595-7000 پر کال کریں۔

## پانی کے ہائڈرینٹ کے استعمال کے اجازت نامے کی درخواست کو کیسے پر کرنا ہے

**ٹھیکیداروں اور پلمبرز کے لیے ہدایات**
براہ کرم اجازت نامے کی درخواست پر موجود تمام فیلڈز کو پر کریں۔

**حصہ اول**

**درخواست دہندہ کا مکمل نام:** یہ اجازت نامے کے درخواست دہندہ کا نام ہونا چاہیئے (جیسے کہ مالک، ٹھیکیدار، یا پلمبر)۔

**کام کی جگہ/گلی**
**پتہ/شہر/ریاست/زپ/بلاک/لاٹ:** یہ فیلڈز اس پراپرٹی کے پتے سے متعلق ہیں جس پر آپ کام کر رہے ہیں۔

**CIS اکاؤنٹ #:** اپنا موجودہ NYC DEP CIS اکاؤنٹ نمبر یہاں شامل کریں۔

**ہائڈرینٹ #:** ہائڈرینٹ نمبر اس ہائڈرینٹ کی ذیلی سطح پر تلاش کیا جا سکتا ہے جسے آپ استعمال کر رہے ہیں۔

**حصہ دوم**

اگر آپ یہ درخواست نئی تعمیر کے لیے پُر کر رہے ہیں تو "نئی عمارت" باکس کو نشان زد کریں۔

**بورو/بلاک/لاٹ:** یہ اس پراپرٹی کے پتے سے متعلق ہیں جس پر آپ کام کر رہے ہیں۔

**مالک کا نام:** یہاں پراپرٹی کے مالک کا نام شامل کریں۔

**CIS اکاؤنٹ #:** یہاں پراپرٹی کے مالک کا NYC DEP CIS اکاؤنٹ نمبر شامل کریں، اگر ان کا کوئی ہے۔ اگر نہیں، تو انہیں ایک نیا تفویض کر دیا جائے گا۔

**مالک کا فون #/ ای میل:** پراپرٹی کے مالک کے رابطے کی معلومات یہاں شامل کریں۔

**آغاز کی تاریخ/اختتامی تاریخ:** یہ تاریخ کی رینج ہے جس کے دوران آپ کو ہائڈرینٹ کے استعمال کی ضرورت پڑے گی۔

**دنوں کی تعداد جن میں استعمال کیا جانا ہے:** یہ دنوں کی کل تعداد ہے جس دوران آپ ہائڈرینٹ کو استعمال کریں گے، اس سے وہ دن کم کر دیں جن میں آپ ہائڈرینٹ کو استعمال نہیں کریں گے (مثلاً چھٹیاں، ویک اینڈز، وغیرہ)۔

**آغاز کی تاریخ/اختتامی تاریخ:** یہ دن کے وہ اوقات ہیں جس دوران آپ ہائڈرینٹ کو استعمال کر رہے ہوں گے۔ *(براہ کرم استعمال اور تغیر کی درخواستوں کی اجازت کے گھنٹوں سے متعلق مندرجہ بالا معلومات دیکھیں)*

**کیلینڈر ایام کی تعداد:** یہ ان کیلینڈر ایام کی کل تعداد ہے، جس دوران آپ کو اجازت نامے کی ضرورت ہو گی (بشمول ان دنوں سمیت جنہیں آپ فہرست سے خارج کرتے ہیں)۔

**استثنات:** ہفتے کے کسی بھی ایام یا چھٹیوں کی فہرست بنائیں جن کے دوران آپ ہائڈرینٹ کو استعمال نہیں کر رہے ہوں گے۔

**کیے جانے والے کام کی نوعیت:** براہ کرم وضاحت کریں کہ آپ ہائڈرینٹ کو کس کام کے لیے استعمال کر رہے ہوں گے۔

**RPZ/ماڈل/سیریل# :** RPZ کی بناوٹ، ماڈل، اور سیریل نمبر شامل کریں جسے آپ استعمال کریں گے۔

**مالک/ٹھیکیدار/پلمبر کے دستخط:** اس اجازت نامے پر درخواست دہندہ کے دستخط ہونے چاہیئں (جیسے کہ مالک، ٹھیکیدار، یا پلمبر)۔

**گلی کا پتہ/شہر/ریاست/زپ/فون #/ای میل:** یہ درخواست دہندہ کے گھر یا کاروبار کا پتہ ہونا چاہیئے۔

**کمیونٹی گارڈنز اور ایونٹ پروڈیوسرز کے لیے ہدایات**
براہ کرم اپنے اجازت نامے کی درخواست پر تحریر کریں کہ آپ کس کمیونٹی گارڈن کے لیے درخواست دے رہے ہیں۔

براہ کرم اجازت نامے کی درخواست پر مندرجہ ذیل فیلڈز کو پُر کریں:

- درخواست دہندہ کا مکمل نام
- گارڈن کا پتہ یا ہائڈرینٹ (حصہ اول) کے بالکل سامنے کا پتہ
- متوقع استعمال کی تاریخیں (1 اپریل اور 30 نومبر کے درمیان)
- متوقع استعمال کے اوقات (7:30 اور رات 7:30 کے وقت کے درمیان)
- استثنات (ویک اینڈز، چھٹیاں وغیرہ)
- درخواست دہندہ کے دستخط، پتہ، فون نمبر، اور ای میل (حصہ دوم کا ذیلی حصہ)

اگر آپ ایک کمیونٹی گارڈن ہیں، تو آپ کو CIS، بلاک یا لاٹ اور نلکہ نمبرز، یا کل دنوں کی تعداد کو پر کرنے کی ضرورت نہیں ہے اگر آپ نہ جانتے ہوں۔

**سوالات؟**
(718) 595-7000 پر کال کریں۔